اردو

پرچہ—I

(ادب)

کل مارکس : 250

مقررہ وقت : تین گھنٹے

سوالات سے متعلق خصوصی ہدایات

(برائے مہربانی ذیل کی ہر ہدایت کو ، جواب لکھنے سے پہلے توجہ سے پڑھ لیں)

اس پرچے میں **آٹھ** سوالات پوچھے جا رہے ہیں۔ ہر سوال دو حصوں میں تقسیم ہے۔

امیدوار کو **کُل پانچ** سوالوں کے جواب دینے ہیں۔

سوال نمبر **1** اور **5** لازمی ہیں اور باقی سوالات میں سے **تین (3)** کا جواب لکھنا ہے مگر ہر حصہ سے کم از کم ایک ایک سوال کرنا ضروری ہے۔

ہر سوال یا سوال کے حصہ کے نمبر اس کے سامنے درج کر دیے گئے ہیں۔

جواب ہر صورت میں اردو میں ہی لکھے جائیں گے۔

اگر کسی سوال کے جواب کے لیے الفاظ کی تعداد کی شرط لگا دی گئی تو اس کی پابندی لازمی ہے۔

سوالات کے جوابات کو ترتیب وار اہمیت دی جائے گی۔ شرط یہ ہے کہ کوئی جواب کاٹ کر مسترد نہ کر دیا گیا ہو ، اگر کسی سوال کا کوئی حصہ بھی جواب کے لیے منتخب کیا گیا ہے تو اسے سوال کا جواب ہی تصور کیا جائے گا۔اگر کسی صفحہ یا صفحے کے کسی حصے کو خالی چھوڑنا مقصود ہے تو اسے صفائی کے ساتھ کاٹ کر مسترد کرنا ضروری ہے۔

URDU

(PAPER—I)

(LITERATURE)

Time Allowed : Three Hours

Maximum Marks : 250

QUESTION PAPER SPECIFIC INSTRUCTIONS

(Please read each of the following instructions carefully before attempting questions)

There are EIGHT questions divided in two Sections.

Candidate has to attempt FIVE questions in all.

Question Nos. **1** and **5** are compulsory and out of the remaining, THREE are to be attempted choosing at least ONE question from each Section.

The number of marks carried by a question/part is indicated against it.

Answers must be written in URDU (Urdu script).

Word limit in questions, wherever specified, should be adhered to.

Attempts of questions shall be counted in sequential order. Unless struck off, attempt of a question shall be counted even if attempted partly. Any page or portion of the page left blank in the Question-cum-Answer Booklet must be clearly struck off.

Optional Province · optionalprovince.com

SECTION—A

1۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے :

10×5=50

(a) اردو زبان کی ابتدا اور اس کے ارتقائی مراحل پر روشنی ڈالئے۔

(b) وسطی ہند آریائی کے مختلف اَدوار کا جائزہ لیجئے۔

(c) ''اردو پر برج ، پنجابی اور دیگر بولیوں کے اثرات پائے جاتے ہیں'' اس قول کی وضاحت کیجیے۔

(d) اردو زبان کی اصلاح کے سلسلے میں جو کوششیں کی گئی ہیں ان کا جائزہ لیجیے۔

(e) قدیم ہند آریائی دَور کی مختلف بولیوں اور زبانوں پر اظہارِ خیال کیجیے۔

2۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) ''محمد حسین آزاد نے اردو کے ابتدائی نقوش کو برج بھاشا میں تلاش کیا ہے۔'' آپ ان کی اس کوشش سے کس حد تک اتفاق رکھتے ہیں؟ مدلل لکھیے۔ 20

(b) اردو کی ابتداء سے متعلق مختلف نظریات کی وضاحت کیجیے۔ 15

(c) اردو رسم خط کی خوبیاں بیان کیجیے اور بتائیے کہ دیگر زبانوں کی روشنی میں کیا کچھ تبدیلی درکار ہے۔ 15

3۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) ملا وجہی کے شعری و نثری خدمات کا احاطہ کیجیے۔ 20

(b) ولی دکنی کی شاعری پر ایک مضمون لکھئے یا دکنی شاعری کے ابتدائی خد و خال واضح کیجئے۔ 15

(c) دکن میں اردو شاعری پر مضمون لکھتے ہوئے واضح کیجئے کہ کس طرح دکنی شاعری نے شمالی ہند کی اردو شاعری کو متاثر کیا۔ 15

Optional Province · optionalprovince.com

4۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) اردو میں شامل دوسری زبانوں کے الفاظ نے اردو کو باثروت کیا ہے۔ بحث کیجئے۔ 20

(b) ''اردو کا رسم الخط ، عربی و فارسی رسم الخط کی توسیعی شکل ہے'' مدلل تحریر کیجئے۔ 15

(c) کسی زبان کا ارتقا ، کیا کوئی سائنسی عمل ہے؟ آپ کا کیا خیال ہے؟ 15

SECTION—B

5۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے۔
10×5=50

(a) اردو مثنوی کے آغاز و ارتقاء پر روشنی ڈالئے۔

(b) جدید غزل کے امتیازات و معیارات واضح کیجئے۔ مثالیں بھی دیجئے۔

(c) اردو میں داستان کی روایت بیان کیجئے۔

(d) اردو کے اہم انشائیہ نگاروں کا تعارف کروائیے۔

(e) اردو سوانح نگاری میں علامہ شبلی نعمانی کی خدمات کا احاطہ کیجئے۔

6۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) دبستان دہلی کے شعری خصوصیات تفصیل سے بیان کیجئے۔ 20

(b) اردو میں ترقی پسند ادب کی مقبولیت کے اسباب اُجاگر کیجئے۔ 15

(c) سرسید کی صحافتی خدمات کا جائزہ لیجئے۔ 15

Optional Province · optionalprovince.com

7۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) 'مقدمۂ شعر و شاعری' کی روشنی میں حالی کے تنقیدی نظریات واضح کیجئے۔ 20

(b) تنقید کی جامع تعریف کرتے ہوئے کلیم الدین احمد کی تنقیدی کاوشوں پر روشنی ڈالئے۔ 15

(c) اردو میں تنقیدی دبستانوں کا اجمالی جائزہ پیش کیجئے۔ 15

8۔ درج ذیل عنوانات پر مضمون لکھئے :

(a) قومی یکجہتی اور اردو شعر و ادب 20

(b) اردو زبان و ادب اور مشاعرے 15

(c) اردو میں خطوط نگاری پر ایک نوٹ 15

★★★

Optional Province · optionalprovince.com